اسلامیات

1۔ تہذیب و تمدن سے کیا مراد ہے؟ اسلامی تہذیب کی خصوصیات بیان کیجیے۔

## تعارف:

تہذیب و تمدن دو مختلف لیکن باہمی جڑے ہوئے تصورات ہیں۔ تہذیب سے مراد وہ اخلاقی، ثقافتی اور فکری روایات اور اقدار ہیں جو کسی معاشرے میں پائی جاتی ہیں۔ اس میں زبان، ادب، فنون، مذہب، رسم و رواج اور اجتماعی اخلاقیات شامل ہیں۔ تہذیب انسانوں کے رہنے سہنے کے انداز اور ان کی علمی و فکری ترقی کا آئینہ دار ہوتی ہے۔

تمدن سے مراد وہ مادی ترقی ہے جو کسی معاشرے نے وقت کے ساتھ حاصل کی ہے۔ اس میں تعمیرات، ٹیکنالوجی، معیشت، زراعت اور سماجی نظام شامل ہوتے ہیں۔ تمدن کسی قوم یا معاشرے کی فنی اور سائنسی ترقی کا عکاس ہوتا ہے۔

## تہذیب کے لغوی معانی:

عربی کی مشہور زمانہ لغت میں تہذیب کے لغوی معنی "چھانٹنے، اصلاح کرنے" "سنوارنے"، "درست کرنے" کے بیان کیے گئے ہیں۔

## تہذیب کی لغوی تعریف:

تہذیب کے معانی میں نفاست اور اصلاح کا مفہوم مشترک ہے۔ چنانچہ ایک نامور پاکستانی مفکر نے تہذیب کی وضاحت اس طرح سے کی ہے۔

"تہذیب کے معنی شاخ تراشی کرنا ہے۔"

آپ نے مالی کو دیکھا ہو گا۔ وہ کیا کرتا ہے؟ وہ پودوں کو پانی دیتا ہے، زمین میں کھاد ڈالتا ہے۔ درختوں کے گلے سڑے اور سوکھے پتوں کو الگ کر دیتا ہے۔ جو شاخیں ادھر ادھر پھیل جاتی ہیں انہیں کاٹ ڈالتا ہے۔ ان شاخوں کے کٹنے سے درختوں کی نشوونما اچھی اور جاذب نظر ہوتی ہے۔ اس عمل کو تہذیب کہتے ہیں۔

## اصطلاحی تعریف:

### سرسید احمد خان:

تہذیب کے مفہوم سے آشنا کرتے ہوئے لکھتے ہیں "جب انسانوں کا ایک گروہ کسی جگہ اکٹھا ہو کر بستا ہے تو اکثر ان کی ضرورتوں اور حاجتوں، ان مسرت کی باتیں اور ان کی نفرت کی چیزیں سب یکساں ہوتی ہیں۔ اسی لیے برائی کو اچھائی کے خیالات بھی یکساں ہوتے ہیں۔ اور برائی کو

اجتماعی سے تبدیل کرنے کی خواہش سب میں ایک سی ہوتی ہے اور یہی مجموعی خواہش تبادلہ اس قوم یا گروہ کی سویلائزیشن ہے۔"

**بقولِ شیخ محمد اقبال:**

ہر قوم و ملت کی زندگی کا وہ ظاہری نقشہ، ہیئت یا خدوخال جو اسے دیگر اقوام سے ممتاز کرتے ہیں تہذیب کہتے ہیں۔ میرے خیال میں تہذیب سے مراد کسی قوم کے وہ نظریات ہیں جنکے مطابق وہ زندگی گزارتی ہے۔ ہر قوم کی اپنی تہذیب ہوتی ہے جیسا کہ ارشادِ ربانی ہے۔

"ہم نے تم میں سے ہر امت کیلئے دستور اور راہِ عمل دیا۔"

## - دنیا کی مشہور تہذیبیں:-

۱۔ ہندوستانی ۲۔ ایرانی ۳۔ یونانی


۴۔ مصری ۵۔ عبرانی ۶۔ مجوسی

۷۔ عربی ۸۔ یہودی ۹۔ مغربی تہذیب

۱۰۔ اسلامی تہذیب

## - اسلامی تہذیب کی خصوصیات:

اسلامی تہذیب کی خصوصیات چند بنیادی عقائد پر مشتمل ہیں۔




Use elaborate, self explanatory and relevant headings

## عقیدہ توحید

ایک خالق کی عبادت اسلامی ذہن کی پہلی
خصوصیت ہے۔ یہ عقیدہ انسان میں جرات اور شجاع
پیدا کرتا ہے ایک خدا کی عبادت کرنے والا اللہ تعالیٰ
کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرتا اور نہ کسی کو شریک
قرار کرتا ہے۔ اس کا یقین اور بھروسہ اللہ پر ہوتا
ہے۔ کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ ہمیشہ اللہ کی رضا پر
مشکور رہتا ہے

Try to add the Arabic of quranic ayats

سورۃ اخلاص میں خدا کہتا ہے:
"وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ
اسکی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور اسکا کوئی
ہمسر نہیں۔"

Use marker for references

## عقیدہ رسالت:

اسلام میں عقیدہ رسالت کا مطلب ہے کہ
حضرت محمد آخری نبی ہے اور ان پر نازل ہونے والی
کتاب قرآن مجید انسانیت کے لیے رہنمائی کا آخری ذریعہ
ہے۔ اس عقیدے کے بغیر اسلامی تعلیمات اور اقدار کی

مکمل تفہیم ممکن نہیں۔ عقیدہ رسالت مسلمانوں کو ایک مشترکہ روحانی بنیاد بھی فراہم کرتا ہے جس سے اسلامی تہذیب کی تشکیل ہوتی ہے۔ ارشاد ہے:

ترجمہ:

"اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔"

ایک اور جگہ ارشاد ہے:

"محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھی کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل ہیں۔"

Discuss the belief systems as one argument

## عقیدہ آخرت:

عقیدہ آخرت اسلامی تہذیب کی بنیادی خصوصیات میں سے ایک ہے کیونکہ یہ مسلمانوں کی زندگی کے ہر پہلو پر گہرا اثر ڈالتا ہے۔ اس عقیدے کے بغیر اسلامی تعلیمات کی مکمل تفہیم ممکن نہیں۔ قرآن میں متعدد آیات اس کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں۔ ارشاد ہے:

"اور وہ لوگ جو اس پر ایمان لاتے ہیں جو آپ پر نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔"

## عبادت :

عقیدہ عبادت بھی اسلامی تہذیب کی بنیادی خصوصیات میں سے ایک ہے۔ کیونکہ یہ اللہ کے ساتھ بندے کے تعلق کی بنیاد فراہم کرتا ہے اور مسلمانوں کی روزمرہ زندگی میں ایک مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ اسلام میں عبادت کے مختلف پہلو ہیں۔ جو انسان کی زندگی کے ہر پہلو کو محیط کرتے ہیں۔ ان میں نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج شامل ہیں۔ عبادت کی تعریف قرآن مجید میں واضح طور پر کی گئی ہے اور ارشاد فرمایا:

"ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔"

## آفاقی اصول :


عقیدہ آفاقی اصول اسلامی تہذیب کی بنیادی خصوصیات میں سے ایک ہے۔ کیونکہ یہ مسلمانوں کے ایمان اور عمل کے لئے ایک جامع اور ہمہ گیر فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ یہ اصول ہر زمانے اور ہر جگہ کے لئے قابل اطلاق ہیں اور ان کی بنیاد قرآن وسنت میں ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"بے شک اللہ عدل، احسان اور قرابت داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی، برائی اور ظلم سے روکتا ہے۔"

## تمدن :-

اسلامی تمدن وہ نظامِ زندگی ہے جو خدا کے پیغمبروں نے وحی الٰہی کے ذریعے سے پیش کیا۔ اور تمدن سے مراد کسی معاشرے کی ترقی یافتہ حالت ہے جس میں ثقافت، معاشرتی ڈھانچہ، علوم، فنون اور اخلاقی اقدار شامل ہوتی ہیں۔ یہ انسانی ترقی، تہذیب اور معاشرتی تنظیم کی ایک بلند سطح کی عکاسی کرتا ہے

## اہم پہلو :-




1. سماجی ڈھانچہ :-

تمدن میں منظم سماجی نظام ہوتا ہے جس میں افراد کے درمیان تعلقات، حقوق و فرائض اور سماجی اصول وضع ہوتے ہیں۔

The minimum description under a heading should be 5 lines

2. اخلاقی اقدار :-

تمدن میں اخلاقیات کو خصوصی اہمیت دی جاتی ہے اور ایک اچھا تمدن وہ ہوتا ہے جو انصاف، برابری اور انسانی حقوق کو تحفظ فراہم کرے

3. تعلیمی ترقی :-

تمدن میں علمی ترقی اور تعلیم کو فروغ

Add and highlight references/examples against these arguments

دیا جاتا ہے تاکہ معاشرے کے افراد ذہنی طور پر ترقی کر سکیں۔

4. مذہبی اور روحانی اقدار:

تمدن میں مذہبی اور روحانی اصولوں کا بھی اہم کردار ہوتا ہے جو معاشرے کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

A 20 marks answer should have around 15 arguments

- حدیث کی روشنی میں:

حضورؐ نے فرمایا:

"تم سے پہلی امتیں اس لیے تباہ ہوئیں کہ جب ان میں کوئی بڑا آدمی جرم کرتا تو اسے چھوڑ دیا جاتا اور جب کوئی کمزور آدمی جرم کرتا تو اسے سزا دی جاتی"

یہ حدیث عدل و انصاف کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے جو ایک تمدن کیلئے بنیادی اصول ہے۔

اسلام نے تمدن اور تہذیب کے اصولوں کو بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ حضورؐ نے اپنی زندگی میں تمدن کی اعلیٰ مثال قائم کی جہاں امن، انصاف، اخلاقیات اور انسانیت کے احترام کو فروغ دیا گیا۔

08

- نتیجہ:

اسلامی تہذیب دنیا کی عظیم تہذیبوں میں سے ایک ہے جو نہ صرف مادی اور علمی ترقی کا درس دیتی ہے بلکہ اخلاقی ترقی کو بھی مرکزی حیثیت دیتی ہے اس کی بنیاد عدل و انصاف، علم، اخوت اور اعلیٰ اخلاقی اقدار پر ہے۔ جو انسانیت کی فلاح کیلئے رہنمائی فراہم کرتی ہے

Attempt and upload a single qs at a time. Work on the pointed areas and then upload the next qs

3- اسلامی تہذیب کی بنیادی خصوصیات تفصیلاً بیان کریں۔

## تعارف:

اسلامی تہذیب ایک عظیم ثقافتی اور معاشرتی نظام ہے جو اسلام کی تعلیمات سے ابھرا ہوا ہے۔ قرآن کی ہدایت اور نبی اکرم ﷺ کی سنتوں پر مبنی یہ تہذیب مختلف پہلوؤں میں انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اسلامی تہذیب کی خصوصیات میں مذہبی اصولوں اور تاریخی تجربات کا گہرا ملاپ شامل ہے جو روحانی اقدار اور سماجی عملیاتیات کی ایک منفرد ترکیب پیش کرتی ہے

## تہذیب:

تہذیب کے معنی اصلاح و ہدایت کرنا ہے۔ عیوب سے پاک کرنا، درست کرنا، خوش اخلاق بنایا ہے وہ نظریات و تصورات ہیں جن کے مطابق کوئی جماعت یا قوم زندگی گزارے اور اپنے مقاصد پورے کر سکے۔

- تہذیب کے لغوی معنی :-

یہ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی پاک کرنا ، اصلاح کرنا درستی، خوش اخلاقی، کانٹ چھانٹ اور کسی چیز کو خالص کرنا کے ہیں۔

- اصطلاحی معنی :-

کسی قوم کے پختہ اصول و نظریات کو تہذیب کہتے ہیں۔ تہذیب کا تعلق انسان کے نظریات و تصورات سے ہوتا ہے کیونکہ نظریات ہی انسان پر حاوی ہوتے ہیں۔ مثلاً اسلام نے لباس کے متعلق حکم دیا کہ وہ ستر یعنی جسم کو ڈھانپ کر رکھنے والا ہو۔ اسلام کو اس بات سے غرض نہیں کہ وہ چادر قمیض ہو یا پینٹ کوٹ یا شلوار قمیض ہو گویا تہذیب فرد، معاشرہ اور حکومت تینوں پر حاوی ہے

- شیخ محمد اقبال لکھتے ہیں:

ہر قوم و ملت کی زندگی کا وہ ظاہری نقشہ ہیت یا خدو خال جو اسے دیگر اقوام سے ممتاز کرتا ہے تہذیب کہلاتا ہے۔

## ڈاکٹر برہان احمد فاروقی:-

"تہذیب کو انگریزی میں کلچر کہتے ہیں جو جرمنی زبان کے لفظ کلٹور سے ماخوذ ہے جس میں جوتنے بونے اور اگانے کا استعارہ پایا جاتا ہے۔ مگر جو کچھ جوتا جاتا ہے وہ زمین نہیں انفرادی و اجتماعی ذہن ہے جو کچھ بویا جاتا ہے جو بیج نہیں تصورات ہیں جو کچھ اگایا جاتا ہے وہ اناج کی فصل نہیں بلکہ یکسانی کردار کا وہ نمونہ ہے جس کی بدولت کسی گروہ میں وحدت کا شعور راسخ ہوتا ہے۔"


## اسلامی تہذیب:-

اسلامی تہذیب سے مراد وہ تہذیب ہے جو آج سے چودہ سو سال پہلے نبی کریم نے خدائی احکامات کے مطابق تشکیل دی تھی۔ جو آج بھی 57 اسلامی ممالک

میں قرآن و حدیث کے تہذیبی اصولوں کے مطابق موجود ہے۔ نبی اکرم ؐ کی سنت بھی اسلامی تہذیب کی بنیادوں کو مضبوط کرتی ہے۔ آپ ؐ نے اعلیٰ اخلاق، انصاف اور علم کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ حدیث ہے:

"تم میں سے بہترین وہ ہے جو سب سے اچھے اخلاق والا ہو۔"

## - اسلامی تہذیب کی بنیادی خصوصیات:-




## 1. عقیدہ توحید:-

اسلام کا بنیادی عقیدہ توحید ہے یعنی

اللہ ایک ہے اور وہی سب کو پیدا کرنے والا ہے
اور وہی پالنے والا بھی ہے۔ توحید کا مطلب
یہ ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور کسی
کی عبادت کی جانی چاہیے۔ قرآن میں ارشاد ہے:
ترجمہ:
"کہو اللہ ایک ہے، وہ بے نیاز ہے
نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ اسکی
کوئی اولاد ہے۔"
حدیث میں فرمایا گیا:
"جس نے یہ گواہی دی کہ اللہ کے
سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اللہ
کے رسول ہیں، وہ جنت میں داخل
ہوگا۔"

2- عقیدہِ رسالت :-

اسلام میں عقیدہِ رسالت کا مطلب
یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ہدایت انسانوں تک
پہنچانے کے لیئے انبیاء کو بھیجا۔ حضرت محمدؐ
آخری نبی ہیں اور ان کی رسالت قیامت تک
کے لئے ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے:
ترجمہ:
"محمدؐ تمھارے مردوں میں سے کسی باپ

نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں۔"

حدیث ہے:

"میری اور مجھ سے پہلے گزرے ہوئے انبیاء کی مثال اس شخص کی مانند ہے جس نے ایک عمارت بنائی اور اسے خوبصورت بنایا مگر ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔"

## 3- آفاقی اصول:

اسلامی تہذیب کے آفاقی اصول پوری انسانیت کے لیے فلاح و بہبود اور انصاف پر مبنی ہیں۔ ان اصولوں میں عدل، مساوات اور حقوق و فرائض کا توازن شامل ہے۔ قرآن میں کہا گیا:

ترجمہ:-

"بے شک اللہ عدل کا، احسان کا اور قرابت داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے۔"

## ۶. عبادت:-

عبادت کا مطلب ہے اللہ کی رضا کے لیے ہر وہ کام کرنا جو دین کے احکام کے مطابق ہو۔ عبادت کے مختلف طریقے ہیں جیسے نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج۔ حدیث میں ہے:

"نماز دین کا ستون ہے، جس نے اسے قائم کیا، اس نے گویا دین کو قائم کیا اور جس نے اسے ترک کیا اس نے گویا دین کو ترک کیا۔"

ایک اور جگہ ارشاد ہے:

"اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔"

## ۷. عقیدہ آخرت:-

اسلامی تہذیب میں عقیدہ آخرت کا مطلب ہے کہ مرنے کے بعد انسان کو اس کے اعمال کے حساب کتاب کے لیے دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور ہر شخص کو اس کے عمل کا بدلہ دیا جائے گا۔

قرآن میں فرمایا گیا:

"پس جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھے گا اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی وہ بھی اسے دیکھے گا۔"

حدیث ہے:

"سب انسان مر جائیں گے اور قیامت کے دن اٹھائے جائیں گے تاکہ ان کے اعمال کا حساب کیا جائے۔"

## ۷۔ اخلاقی اصول:-

اسلامی تہذیب میں اخلاقی اصول کی بہت اہمیت ہے۔ مسلمانوں کو سچائی، دیانت داری اور رحم دلی کا حکم دیا گیا ہے۔ قرآن میں کہا گیا:

"مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں"

حدیث ہے:

"تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے اخلاق میں بہتر ہو۔"

## ۔ کلامِ آخر:-

تہذیب کی بنیادی خصوصیات وہ اہم اخلاقی، دینی اور معاشرتی اصول ہیں جو کسی قوم یا مذہب کی بنیاد تشکیل دیتے ہیں۔ اسلامی تہذیب ایک مکمل نظامِ حیات پیش کرتی ہیں

جو کہ دنیا و آخرت میں کامیابی کی راہ دکھاتی ہے۔ اسلامی تاریخ میں خلفائے راشدین اور مسلم حکمرانوں کے دور میں عدل، علم اور خدمت خلق کی بہترین مثالیں ملتی ہیں۔ جیسا کہ حضرت عمر فاروقؓ کا عدل و انصاف بہت مشہور واقعہ کہ ایک غریب عورت نے ان کے عدل کی تعریف کی۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"بے شک اللہ عدل، احسان اور قرابت داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے۔"

یہ تمام تہذیب قرآن مجید اور حدیث کی تعلیمات پر مبنی ہے۔ جو کہ نہ صرف فرد کی ذاتی زندگی بلکہ معاشرتی تعلقات کو بھی بہتر بناتی ہیں اور دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے ایک جامع ضابطہ حیات فراہم کرتی ہے۔

---

4۔ سیرت طیبہ محمدؐ کی روشنی میں عظیم سپہ سالار کی خوبیاں بیان کریں۔

## تعارف:-

سیرت نبیؐ یا سیرت طیبہ نبی اکرمؐ کی زندگی، کردار اور شخصیت کے تمام پہلوؤں کا مجموعہ ہے۔ یہ ایک تفصیلی مطالعہ ہے جو نبیؐ کی ولادت، پرورش، نبوت، تعلیمات اور وفات تک کی زندگی کے مختلف مراحل کو شامل کرتا ہے۔ طیبہ کا مطلب ہے "خوشبودار" یا "پاکیزہ"۔ اس لیے سیرت طیبہ سے مراد نبی کریمؐ کی "پاکیزہ" زندگی یا خوشبودار سیرت ہے۔ جو اسلامی اخلاقیات اور رہنمائی کے اصولوں کا ارفع نمونہ پیش کرتی ہے۔

## سیرت:-

لغوی طور پر سیرت کا مطلب ہے "راستہ" یا "چال"۔ عربی زبان میں "سیر" کا مطلب چلنا یا سفر کرنا ہوتا ہے۔


## طیبہ ::

لغوی طور پر طیبہ کا مطلب ہے پاکیزہ۔ یہ لفظ عام طور پر پاکیزگی اور خوشبو کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

## ⟸ اصطلاحی طور پر ::

سیرت نبی اکرم ﷺ کی زندگی اور کردار کے تمام پہلوؤں کا تفصیلی مطالعہ کرتا ہے۔
سیرت طیبہ نبی اکرم ﷺ کی زندگی کا ایک جامع اور تفصیلی مطالعہ ہے جو آپ کی پاکیزگی، اخلاق اور مثالی کردار کو ظاہر کرتا ہے۔

- سیرت طیبہ محمد ﷺ کی روشنی میں عظیم سپہ سالار کی خصوصیات کو درج ذیل انداز میں بیان کیا جا سکتا ہے۔



## 1۔ قوتِ قیادت :-

ہمارے نبی پاک ﷺ نے قیادت کی عظیم مثال قائم کی۔ آپ ﷺ نے اپنی بصیرت، دانشوری، اور حکمت سے مختلف جنگوں اور معاملات میں کامیابی حاصل کی۔ آپ ﷺ کی قیادت میں فوج نے نہ صرف دفاعی بلکہ فتوحات کی کامیابیاں بھی حاصل کیں۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

ترجمہ :-

"اے ایمان والو! اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو اور ان لوگوں کی بھی جو تم میں سے صاحبِ اختیار ہیں۔" (سورۃ النساء : 59)

اور حدیث میں فرمایا گیا:

ترجمہ :-

"نیکی کے کسی عمل کو حقیر نہ سمجھو چاہے وہ اپنے بھائی کو خوشی کے ساتھ ملنا ہو۔" (صحیح مسلم)

- غزوہ بدر کے دوران نبی اکرم ﷺ نے جنگی میدان

کا انتخاب بہت حکمت کے ساتھ کیا۔
آپ ؐ نے اپنے لشکر کو پانی کے قریب
رکھا اور قریش کے لشکر کے پانی کے
وسائل کو قطع کر دیا۔ جس سے مسلمانوں
کو جنگ میں اہم برتری حاصل ہوئی۔

## - استقامت اور ثابت قدمی:

نبی اکرم ؐ نے مختلف جنگوں میں
ثابت قدمی اور استقامت کا مظاہرہ کیا
آپ ؐ نے دشمن کی شدید مخالفت کے
باوجود اپنے مقصد کو پایہ تکمیل تک
پہنچایا اور مسلمانوں کو مستحکم کیا۔ قرآن
میں ارشاد ہے:
ترجمہ:
**"اور صبر کرو اور تمہارا صبر اللہ**
**کی مدد سے ہی ہے۔"** (سورۃ نحل: 127)
ایک حدیث ہے کہ:

**"صبر روشنی ہے"** (مسلم)

غزوہ احد کے دوران جب تیراندازوں نے اپنی جگہ
چھوڑ دی اور مسلمانوں کو پسپائی کا سامنا
کرنا پڑا تو نبی اکرم ؐ نے ثابت قدمی
دکھائی اور اپنے ساتھیوں کو مایوسی سے نکال

حوصلہ دیا جس سے لڑائی کا رخ بدل گیا۔

- شجاعت اور بہادری :-

نبی اکرم ؐ کی بہادری اور حوصلہ اس بات کی مثال ہے کہ مشکلات کے باوجود آپ ؐ نے کبھی پیچھے ہٹنا نہیں سیکھا۔ آپ ؐ نے ہر جنگ میں نمایاں بہادری دکھائی اور اپنے صحابہ کو بھی صبر اور حوصلے کی تعلیم دی۔

القرآن :-

" تو جب کافروں سے ملو، تو ان کی گردنیں مارو۔ "

الحدیث :-

" طاقت ور مومن اللہ کے نزدیک کمزور مومن سے بہتر اور زیادہ محبوب ہے۔ "

- حکمت اور تدبیر :-

نبی اکرم ؐ نے جنگوں میں حکمت اور تدبیر کا مظاہرہ کیا۔ آپ ؐ نے مختلف جنگی حکمت عملیوں کا استعمال کیا اور دشمن کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھایا۔

آپ نے ہر معاملے میں بصیرت اور سمجھ بوجھ کا مظاہرہ کیا، جس کی وجہ سے آپ کے فیصلے اکثر کامیاب ہوتے۔

القرآن:

"اور ان کا معاملہ آپس کی مشاورت سے حل ہوتا ہے۔"

الحدیث:-

"دین نصیحت ہے"

- صبر اور استقامت:-

نبی کریم ﷺ نے مشکلات اور آزمائشوں کے دوران صبر اور استقامت کا اعلیٰ معیار قائم کیا۔ آپ نے جنگوں اور معرکوں میں مسلسل صبر کا مظاہرہ کیا۔

القرآن:

"اور تمہارا رزق اور جو کچھ تم وعدہ کیئے جاتے ہو وہ سب آسمان میں ہے۔"

الحدیث:-

"عزت حاصل نہیں ہوتی مگر صبر کے ذریعے۔"

## - مدد اور تعاون :-

نبی اکرمؐ نے اپنی فوج کی مدد اور تعاون کو اہمیت دی۔ آپؐ نے ہمیشہ اپنے صحابہ کو باہمی مدد اور تعاون کی ترغیب دی۔ جنگوں میں آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو ایک دوسرے کی مدد کرنے کی ترغیب دی۔

القرآن:

" اور نیکی اور تقویٰ پر ایک دوسرے کی مدد کرو۔ "

الحدیث :-

" جو مسلمانوں کے امور کی فکر نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں۔ "

## - امانت داری اور صداقت :-

نبی کریمؐ نے امانت داری اور صداقت کو اپنی قیادت کی بنیاد بنایا۔ آپؐ نے ہمیشہ سچائی اور امانت داری کا مظاہرہ کیا جو آپؐ کی سیرت کی ایک بنیادی خصوصیت تھی۔

القرآن:-

"اور اللہ تمہیں حکم دیتا ہے
کہ امانتیں ان کے اہل تک
پہنچاؤ۔"

الحدیث:-

"جو جان بوجھ کر میرے بارے
میں جھوٹ بولے وہ اپنا مقام
دوزخ میں تیار کرے۔"

ایک اور جگہ:

"اور امانتوں میں خیانت نہ کرو۔"

- منصوبہ بندی اور تنظیم:-

نبی اکرمؐ نے جنگوں میں کامیابی
کے لیے منصوبہ بندی اور تنظیم کو اہمیت
دی۔ آپ نے فوج کی صف بندی،
حربی حکومت عملی اور جنگی تدابیر کو باقاعدہ
طور پر ترتیب دیا۔

غزوہ خندق کے دوران نبی
اکرمؐ نے مدینہ کی حفاظت کے لیے خندق
کھودنے کا منصوبہ بنایا جس سے دشمن
کے حملے کو مؤثر طریقے سے روکا گیا۔
یہ منصوبہ بندی اور تنظیم کی ایک بہترین
مثال ہے۔

القرآن:

"اور ان کے لیے جتنی طاقت ہو سکے تیار کرو۔"

"طاقتور مومن اللہ کے نزدیک کمزور مومن سے بہتر اور زیادہ محبوب ہے۔"

## - فتح و نصرت کی امید:-

نبی کریم ؐ نے اپنی فوج کو فتح اور نصرت کی امید دلائی چاہے جنگ کتنی ہی سخت کیوں نہ ہو۔

القرآن:

"اللہ ایمان والوں کی دفاع کرتا ہے۔"

## - رواداری اور رحم دلی:-

نبی کریم ؐ نے دشمنوں کے ساتھ بھی رواداری اور رحم دلی کا مظاہرہ کیا۔ آپ ؐ نے جنگ کے بعد قیدیوں کے ساتھ بھی حسن سلوک سے پیش آنے کی ترغیب دی اور ان کو آزادی کی پیشکش کی۔

القرآن:-

"اور تم یقیناً عظیم اخلاق پر ہو۔"

## کلامِ آخر:-

نبی اکرم ﷺ کی سیرت کی روشنی
میں آپ ؐ نے ایک عظیم سپہ سالار کے
تمام اہم اصولوں کو اپنے عمل سے ثابت
کیا۔ آپ ؐ نے غزوہ بدر میں حکمت عملی
اور تدبیر کے ذریعے کامیابی حاصل کی۔
غزوہ احد اور غزوہ حنین میں صبر، شجاعت
اور بہادری کا اعلیٰ نمونہ پیش کیا اور
غزوہ خندق میں موثر منصوبہ بندی اور
تنظیم کا مظاہرہ کیا۔ جنگی قیدیوں کے
ساتھ امانت داری اور صداقت اپنائی
اور ہر حالت میں فتح و نصرت کی امید
دلائی۔ اور اللہ پر مکمل اعتماد رکھا۔ یہ
خصوصیات نبی اکرم ؐ کی قیادت کے
مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتی ہیں جو
نہ صرف سپہ سالاری بلکہ انسانی
اخلاقیات اور اصولوں کے لیے بھی
ایک اعلیٰ معیار قائم کرتی ہیں
جن کی پیروی کر کے آج بھی کامیاب
قیادت کے اصول سیکھے جا سکتے ہیں۔

**سوال نمبر ۲:** نماز کا مفہوم اور اس کی مختلف انواع لکھیئے۔ نیز اسکی روحانی، اخلاقی اور سماجی اثرات بیان کیجیئے۔

## تعارف:-

نماز اسلام کی بنیادی عبادت ہے جسے ایمان داری، خشوع و خضوع کے ساتھ ضروری ہے پڑھنا تاکہ اس کے روحانی فوائد حاصل ہو سکے۔ نماز ایک مخصوص عبادت ہے جو مسلمانوں پر روزانہ پانچ بار فرض ہے۔ یہ عبادت اللہ کے ساتھ تعلق مضبوط کرنے، روحانی رہنمائی کوشش کرنے کے لیے کی جاتی ہے۔ نماز کا مقصد مسلمانوں کو روحانی سکون، نظم و ضبط اور اللہ کی طرف رجوع کی یاد دہانی کرانا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نماز کے بارے میں قرآن میں فرمایا ہے:

> " اور میری یاد کے لیئے نماز قائم کرو۔ " (القرآن)

اس آیت میں نماز کو اللہ کی یاد اور قربت حاصل کرنے کے لیئے قائم کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ ہمارے نبی کریمؐ نے فرمایا:

> " نماز دین کا ستون ہے۔
> جس نے اسے قائم کیا اس نے گویا
> دین کو قائم کیا۔ "

نماز کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن کریم میں کم و بیش سات سو مقامات پر صلوٰۃ کا ذکر ہوا ہے جن میں سے (۸۵) مقامات پر صریح کا حکم وارد ہوا ہے۔

## - انواعِ نماز یا نماز کے مختلف انواع:-

اللہ تعالیٰ نے شب معراج کی رات محمدؐ پر پانچ درج ذیل نمازیں فرض کیں:

۱۔ فجر
۲۔ ظہر
۳۔ عصر
۴۔ مغرب
۵۔ عشاء

نفلی نمازیں:-

نمازِ اشراق
نمازِ چاشت
نمازِ تحیہ
نمازِ خوف
نمازِ کسوف
نمازِ سفر
نمازِ استسقاء

## ← نماز کے لغوی معنی :-

صلوٰۃ (نماز) کے لغوی معنی "دعا" کے ہیں۔ قرآن میں فرمانِ اللہ ہے کہ:

"اے پیغمبر! ان لوگوں کے اموال میں سے صدقہ وصول کرلو جس کے ذریعے تم انھیں پاک کردو گے ان کے لیے باعث برکت ہوگے اور ان کے لیے دعا کرو۔ یقیناً تمہاری دعا ان کے لیے سراپا تسکین ہے اور اللہ ہر بات سنتا اور سب کچھ جانتا ہے۔"

## ← اصطلاحی معنی :-

(صلوٰۃ) نماز کے اصطلاحی معنی مخصوص اور معین عبادت کے ہیں۔ مخصوص طریقے سے اللہ کی عبادت کرنا ہے جو اذکار، افعال اور اوقات پر مشتمل ہے۔

## ← روحانی اثرات :-

نماز اللہ کی قربت حاصل کرنے اور اس کی عبادت کرنے کا ذریعہ ہے جو دل کو سکون اور روحانی اطمینان فراہم کرتا ہے۔

نماز پڑھنے سے انسان اپنے روحانی حال کو بہتر بنا سکتا ہے۔

**اللہ سے مضبوطی کا تعلق:-**

نماز کے ذریعے اللہ سے رابطہ قائم ہوتا ہے جو ایمان کو تازگی اور پختگی عطا کرتا ہے یہ تعلق فرد کو اپنی زندگی میں اللہ کی ہدایت اور مدد کا احساس دلاتا ہے۔

**امام غزالی" کے مطابق:-**

امام غزالی نے نماز کو روحانیت کی بنیاد قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ نماز روحانی تربیت اور دل کی پاکیزگی کا ایک ذریعہ ہے جو انسان کو اللہ کی قربت اور عبادت کے مقصد کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔

رسول نے فرمایا:

**"نماز مومن کی معراج ہے۔"**

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز روحانی عروج اور اللہ کے قریب ہونے کا ذریعہ ہے۔

**- اخلاقی اثرات:-**

نماز کے اخلاقی اثرات فرد کی شخصیت، کردار اور معاشرتی رویوں پر گہرے

اثر ڈالتے ہیں جس سے اخلاقی بہتری اور خود احتسابی میں اضافہ ہوتا ہے۔ نماز برائیوں اور بے حیائیوں کے فعلوں سے بچاتی ہے۔ نیکیوں کی طرف مائل کرتی ہے۔ اگر نماز کی حقیقی روح کو سمجھ لیا جائے تو پھر معاشرہ بہت جلد تمام معاشرتی و سماجی برائیوں سے پاک ہو سکتا ہے۔ جھوٹ، غیبت، فریب، زنا، چوری، خیانت، ملاوٹ اور سود جیسی معاشرتی و سماجی برائیوں سے پاک و صاف ہو سکتا ہے۔ جس طرح نماز برائیوں سے اور بے حیائی سے منع کرتی ہے اسی طرح نماز طہارت و پاکیزگی کی ترغیب دیتی ہے۔ رسول ﷺ نے فرمایا:

"نماز بے حیائیوں اور برائیوں سے روکتی ہے۔"

پانچ نمازوں کی مثال نہر کی طرح ہے جس کا پانی صاف ستھرا اور گہرا ہو جو تم میں سے اگر کسی کے گھر سامنے سے گزرتی ہو اور وہ اس میں ہر روز پانچ بار غسل کرتا ہو تو اس کے جسم پر کیا میل باقی رہ جائے گی۔ صحابہ کرام نے عرض کیا کہ آپ نے فرمایا پانچ نمازیں (صغیرہ) گناہوں کو اس طرح ختم کرتی ہے جیسے جسم پانی پر کچھ میل باقی رہنے کو

ختم کر دیتی ہے۔ نماز پڑھنے سے اللہ سے تعلق مزید مضبوط ہو جاتا ہے۔ نماز صغیرہ گناہوں کا کفارہ ہے۔ ظہر کی نماز ادا کرنے سے فجر سے ظہر تک کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں، عصر کی نماز ادا کرنے سے ظہر سے عصر تک کے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور مغرب کی نماز ادا کرنے سے عصر سے مغرب تک کے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور عشاء کی نماز پڑھنے سے مغرب سے عشاء تک کے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ انسان ہونے کے ناطے پورے دن میں بہت سی غلطیاں ہونے کے مکمل امکانات ہوتے ہیں اسلیئے اللہ تعالیٰ نے نماز کو ان غلطیوں کا کفارہ بنا دیا۔

## جسمانی فوائد:

نماز ایک بہترین عبادت کے ساتھ ساتھ ایک بہترین ورزش بھی ہے۔ سستی اور کاہلی اور بے عملی کو مکمل ختم کرنے کا ایک بہترین ورزش اور علاج ہے۔ جس کو معمول کے طریقے کے مطابق ادا کرکے دنیا و آخرت کے تمام دکھوں، غموں، پریشانیوں سے نجات حاصل ہو سکتی ہے۔ نماز ہمارے بیرونی اعضاء

کی خوشنمائی، خوبصورتی اور طاقت کا ذریعہ ہے۔ اور اسی کے ساتھ ساتھ ہمارے بدن کے اندرونی اعضاء، دل و دماغ، گردے، ہر قسم کے گلینڈز کو تقویت دیتی ہے۔ نماز کی پہلی شرط طہارت ہے۔ نمازی کے لیے ضروری ہے کہ پاک جسم اور لباس میں ملبوس اللہ کے حضور حاضر ہو۔

= **سماجی اثرات:۔**

نماز کے سماجی اثرات فرد اور معاشرے کے مابین روابط کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

**اجتماعی ہم آہنگی:۔**

نماز جماعت کے ساتھ پڑھنا مسلمانوں کے مابین اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دیتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

"مسلمانوں کی نماز جماعت میں شرکت ان کے دلوں کو ملانے اور اخوت کو فروغ دینے کا ذریعہ ہے۔"

(الحدیث)


معاشرتی ذمہ داری:-

نماز باجماعت اور خاص طور پر جمعہ کی نماز فرد کو معاشرتی امور میں فعال حصہ لینے کی ترغیب دیتی ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے:

"اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور بیع و خریداری چھوڑ دو۔"

معاشرتی عدل و انصاف:-

نماز فرد کو انصاف اور عدل کی اہمیت کا احساس دلاتی ہے جو کہ سماجی انصاف اور برابری کے اصولوں کو تقویت دیتی ہے۔ نماز اور اس کے روحانی فوائد، اخلاقی تربیت اور سماجی ہم آہنگی پر گہرا اثر ظاہر کرتی ہیں۔ نماز اسلامی زندگی کے تمام پہلوؤں کو مثبت طور پر متاثر کرتی ہے اور ایک مسلمان کے لیے روحانی، اخلاقی اور سماجی ترقی کی راہیں کھولتی ہے۔




## - فرض نمازیں :-


یہ وہ نمازیں ہیں جو روزانہ پانچ بار واجب ہیں اور ان کی ادائیگی ہر بالغ مسلمان پر فرض ہے۔ مندرجہ ذیل پانچ نمازیں ہیں:

- فجر
- ظہر
- عصر
- مغرب
- عشاء

## - سنت نمازیں :-

یہ نمازیں نبی اکرمؐ نے فرض

نمازوں کے ساتھ باقاعدہ سے پڑھنے کا حکم دیا۔




- **نفلی نمازیں:**

یہ اضافی نمازیں ہیں جو کسی مخصوص وقت یا موقع پر پڑھی جاتی ہیں اور ان کی کوئی خاص تعداد نہیں۔

- **تہجد:**
رات کے آخری حصے میں پڑھنے والی نماز۔
- **قیام اللیل:**
رات کے کسی بھی وقت پڑھنے والی نماز۔
- **تحیۃ المسجد:**
مسجد میں داخل ہونے کے بعد پڑھی جانے والی دو رکعت نماز۔

- **جمعہ کی نماز:**

یہ نماز ہر جمعہ کو مخصوص خطبہ اور نماز کے ساتھ پڑھی جاتی ہے۔

## عیدین کی نمازیں:-

یہ خاص دنوں میں پڑھی جاتی ہے نماز عیدالفطر اور عیدالاضحی کے دن پڑھی جانے والی نمازیں عیدین کہلاتی ہیں۔

## وتر کی نماز:-

یہ نماز رات کے وقت پڑھی جاتی ہے اور عشاء کے بعد ایک رکعت اضافی ہوتی ہے۔ رات کے وقت تین رکعتوں کی نماز یہ عام طور پر عشاء کی نماز کے بعد پڑھی جاتی ہے۔

یہ مختلف نمازیں اسلامی عبادات کا حصہ ہیں اور ہر ایک کی دینی اہمیت اور مقرر وقت ہوتا ہے۔

## کلامِ آخر:-

نماز اسلامی عبادات میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے اور اس کے روحانی، اخلاقی اور سماجی اثرات بہت گہرے ہیں۔

روحانیت کی سطح پر نماز اللہ کے ساتھ براہِ راست تعلق قائم کرتی ہے، دل و دماغ کو سکون عطا کرتی ہے اور روح کی تسکین کا ذریعہ بنتی ہے۔ اخلاقی طور پر نماز فرد کو صبر، شکر اور خود احتسابی کی عادت سکھاتی ہے، جس سے اس کی شخصیت میں بہتری آتی ہے اور برائیوں سے بچاؤ ہوتا ہے۔ سماجی طور پر نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنے سے مسلمانوں میں اخوت، بھائی چارے اور معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ ملتا ہے۔ یہ عبادت فرد اور معاشرہ دونوں کی فلاح و بہبود کے لیے اہم ہے اور ہر مسلمان کو اس کی مختلف اقسام جیسے فرض، سنت، نفل اور عیدین کی نمازوں کے ذریعے اپنے دینی اور دنیاوی مسائل میں رہنمائی ملتی ہے۔ نماز کی یہ تمام اقسام اسلام کی روحانیت، اخلاقیات اور معاشرتی اقدار کی عکاسی کرتی ہے جو کہ ایک مسلم کی زندگی کو معنویت، نظم اور سکون عطا کرتی ہیں۔